اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
Islamabad Chamber of Commerce & Industry

CHAMBER HOUSE
Aiwan-e-Sanat-o-Tijarat Road, Mauve Area
Sector G-8/1, Islamabad-Pakistan
Tel: +92-51-2261175, 2261176, 2253145
Fax: +92-51-2252950
E-mail: info@icci.com.pk
Website: www.icci.com.pk

Ref.No. 719/26/1726

01 September, 2026

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 41ویں سالانہ اجلاس عام 24 ستمبر 2025 کے منٹس

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ICCI) کا 41واں سالانہ اجلاس عام 24 ستمبر 2025 کو منعقد کیا گیا۔

1. آئی سی سی آئی کے سابق صدر محمد اعجاز عباسی نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔

2. آغاز: اجلاس چیئر کی اجازت سے شروع ہوا۔

3. آئی سی سی آئی کے ممبر جناب اسرار الحق مشوانی نے تلاوت قرآن پاک کا شرف حاصل کیا۔

4. چالیسویں سالانہ جنرل اجلاس کے منٹس کی منظوری
سیکرٹری جنرل جناب غلام مرتضی نے چالیسویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس پڑھ کر سنائے جنہیں ایوان نے متفقہ طور پر منظور کیا۔

5. چیمبر کی سالانہ رپورٹ 25-2024 کی منظوری
سیکرٹری جنرل نے ایوان کے سامنے چیمبر کی سالانہ رپورٹ 25-2024 منظوری کے لیے پیش کی جسے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔

6. چیف الیکشن کمشن جناب طاہر عباسی کی طرف سے عہدیداروں کے انتخاب (26-2025) کے حتمی نتائج کا اعلان
جناب طاہر عباسی چیف الیکشن کمشنر نے عہدیداروں کے انتخاب (26-2025) کے نتائج کا اعلان درج ذیل تفصیلات کے مطابق کیا:-

i صدر: سردار طاہر محمود

ii سینئر نائب صدر: طاہر ایوب

iii نائب صدر: محمد عرفان چوہدری

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
Islamabad Chamber of Commerce & Industry

CHAMBER HOUSE
Aiwan-e-Sanat-o-Tijarat Road, Mauve Area
Sector G-8/1, Islamabad-Pakistan
Tel: +92-51-2261175, 2261176, 2253145
Fax: +92-51-2252950
E-mail: info@icci.com.pk
Website: www.icci.com.pk

7 جون 2025- کو ختم ہونے والی مدت اور 26-2025 کے بجٹ اکاؤنٹس کی آڈٹ شدہ اسٹیٹمنٹ کو پیش کرنا اور اس کی تصدیق
سیکرٹری جنرل نے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والی مدت کے حسابات کی آڈٹ شدہ اسٹیمینٹ اور 26-2025 کا بجٹ پیش کیا جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور کر لیا۔

8. 2025-26 کے لیے آڈیٹر کی تقرری پر غور اور معاوضہ
ایوان نے متفقہ طور پر میسرز عالم اینڈ اولکھ چارٹرڈ اکاؤنٹس کا تقرر کیا اور صدر کو معاوضہ طے کرنے کا اختیار دیا۔

9 آئی سی سی آئی کے نظر ثانی شدہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو پیش اور منظور کرنا۔

10. ایوان نے متفقہ طور پر آئی سی سی آئی کے نظر ثانی شدہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی منظوری دی۔

11. اپنے خطاب میں سابق نائب صدر ناصر محمود چوہدری نے تمام ایگزیکٹو باڈی کا شکریہ ادا کیا کہ جس کے تعاون کے باعث وہ کمیونٹی کی خدمت کرنے کے قابل ہوے۔

12. نائب صدر محمد عرفان چوہدری کا خطاب: یہ کہتے ہوئے کہ ہمیں فانڈر گروپ کا حصہ ہونے پر فخر ہے، نائب صدر محمد عرفان چوہدری نے کہا کہ ہم چیمبر کی قدر و منزلت بڑھانے کے لیے کسی امتیاز کے بغیر تاجر برادری کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

13. اپنے خطاب میں سابق سینئر نائب صدر عبدالرحمٰن صدیقی نے کہا کہ انہوں نے اپنی حیثیت میں اپنے سینئرز کی توقعات کے مطابق ڈیلیور کرنے کی پوری کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے صحت کے شعبے میں ایم او یوز دستخط کیے ہیں اور بزنس کمیونٹی کے فائدے کے لیے میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیمبر میں میڈیکل سنٹر کے قیام کے انتظامات کو بھی حتمی شکل دے دی گئی ہے جس میں ممبران کو مفت سروس فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے قطر ایکسپو، تقریب ایوارڈ ملائیشیا کے کامیاب انعقاد کا ذکر کیا جس میں مثالی B2B میٹنگز منعقد کی گئیں۔ انہوں نے مستقبل میں بھی کمیونٹی کی خدمت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

14.. سینئر نائب صدر طاہر ایوب کا خطاب: اس عہدے کے لیے ان پر اعتماد کا اظہار کرنے پر فانڈر گروپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے پیشرو عبدالرحمٰن صدیقی کی شاندار میراث کو آگے بڑھانے کی پوری کوشش کریں گے۔

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
Islamabad Chamber of Commerce & Industry

CHAMBER HOUSE
Aiwan-e-Sanat-o-Tijarat Road, Mauve Area
Sector G-8/1, Islamabad-Pakistan
Tel: +92-51-2261175, 2261176, 2253145
Fax: +92-51-2252950
E-mail: info@icci.com.pk
Website: www.icci.com.pk

15. صدر سردار طاہر محمود کا خطاب: صدر سردار طاہر محمود نے فانڈر گروپ اور ایگزیکٹو باڈی کا اپنے انتخاب پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کمیونٹی کو کاروبار کرنے میں آسانی کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی ان کی اولین ترجیح رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی تاجر برادری کے زیادہ تر مسائل سی ڈی اے سے متعلق ہیں جس کی وجہ اس میں بیٹھے مٹھی بھر بیوروکریٹس کے من مانے یکطرفہ فیصلے ہیں۔ اس طرح سی ڈی اے کو تاجر برادری کے لیے نوگو ایریا میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سی ڈی اے بورڈ میں آئی سی سی آئی کی نمائندگی بھی ان کے ایجنڈے کا مرکز ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی کمیونٹی کے لیے سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنے مستقبل کے اقدامات کی تفصیلات کا اعلان ایک پریس کانفرنس میں کریں گے۔

انہوں نے مزید کہا کہ تجارت اور سرمایہ کاری کا فروغ، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے نمائشوں کا انعقاد، آئی سی سی آئی میں سہولت ڈیسک جیسے پاسپورٹ، دفتر خارجہ وغیرہ کی تشکیل، خواتین کو بااختیار بنانا، چیمبر-اکیڈمیا کا تعاون ان کی ترجیحات میں شامل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مارکیٹس اور صنعت کے نمائندوں کے ساتھ قریبی رابطہ بھی ان کے ایجنڈے کا خاصہ ہوگا۔ اپنے اختتامی کلمات میں صدر سردار طاہر محمود نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اور ان کی ٹیم کمیونٹی کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے اپوزیشن اراکین کا بھی بھرپور شرکت پر شکریہ ادا کیا۔

16. چیئرمین فانڈر گروپ کا خطاب: چیئرمین ICCI فانڈر گروپ طارق صادق نے نئی قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے اس کی کامیابی کے لیے گروپ کی مکمل حمایت کا وعدہ کیا۔ گروپ کی مسلسل کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے اسلام آباد کی تاجر برادری کے بنیادی مسائل کا ذکر کیا جیسا کہ ایک انڈسٹریل اسٹیٹ کی فوری ضرورت، اور کاروبار کرنے میں آسانی کے لیے سی ڈی اے کے ساتھ ساتھ ایف بی آر سے متعلق اہم مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ڈی جی ٹی او کو آن بورڈ لے کر ممبرشپ فیس میں اضافہ کیا گیا ہے۔

ایجنڈے میں چونکہ مزید کوئی پوئنٹ نہیں تھا اس لئے سالانہ اجلاس عام اختتام پذیر ہوا اور شرکا کو دعوت طعام دی گی۔

غلام مرتضیٰ
سیکریٹری جنرل